**07.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

☆ انتخابی کمیشن اب سے کچھ دیر بعد دلّی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرے گا۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے نئی دلّی میں بھارت پول کا آغاز کیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ یہ بھارت کی بین الاقوامی تفتیش کو نئے دور میں لے جائے گا۔

☆ نیپال - تبت سرحد پر آج صبح آئے سات اعشاریہ ایک شدت کے زلزلے میں کم از کم 53 لوگ ہلاک ہوگئے۔

☆ مرکزی وزارتِ صحت نے HMPV وائرس کے پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے ریاستوں کو عوام میں بیداری مہم چلانے کو کہا ہے۔

☆ آسام میں کوئلہ کان میں پھنسے کارکنوں کو بحفاظت باہر نکالنے کیلئے بچاؤ کارروائی جاری ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں کوالالمپور میں جاری ملیشیا سُپر 1000 میں ٹریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی بھارتی جوڑی پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**ECI Delhi Polls**

انتخابی کمیشن نے دلّی میں ہونے والے قانون ساز اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرنے کیلئے آج پوری طرح تیار کرلی ہے۔ انتخابی پینل چناؤ کی تاریخوں کا اعلان کرنے کیلئے آج دوپہر ایک پریس کانفرنس کا انعقاد کررہا ہے۔ 70 رکنی دلّی اسمبلی کی مدتِ کار اگلے مہینے 23 تاریخ کو ختم ہو جائے گی۔

ایک کروڑ 55 لاکھ رائے دہندگان دلّی میں رجسٹرڈ ہیں، جن میں 83 لاکھ مرد اور 71 لاکھ خواتین رائے دہندگان ہیں۔ دلّی کے چیف الیکٹورل افسر کے مطابق پچھلے دو مہینے میں 18 سے 19 سال کی عمر کے زمرے میں 52 ہزار نئے رائے دہندگان کو جوڑا گیا ہے۔

وِکاس پوری اسمبلی میں رائے دہندگان سب سے زیادہ تعداد، جو چار لاکھ 62 ہزار سے بھی زیادہ ہے، جبکہ دلّی کینٹ اسمبلی حلقے میں یہ تعداد سب سے کم 78 ہزار 893 ہے۔

تاہم دلّی میں سیاسی پارٹیوں نے پہلے سے ہی انتخابی تشہیر شروع کر دی ہیں۔

برسرِ اقتدار عام آدمی پارٹی نے دلّی اسمبلی انتخابات کی سبھی اسمبلی سیٹوں کیلئے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کردیا ہے، جبکہ BJP نے اب تک 29 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ وہیں کانگریس نے امیدواروں کے ناموں کی تیسری فہرست جاری کی ہے۔

## Amit Bharatpol

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلی میں مرکزی جانچ بیورو کے ذریعہ تیار کردہ بھارت پول پورٹل کی شروعات کی۔ بھارت پول پورٹل کا مقصد ریڈکارنر نوٹسوں اور دیگر انٹرپول نوٹس سمیت انٹرپول کی بین الاقوامی سبھی درخواستوں کو ہم آہنگ کرنا ہے۔

اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ بھارت پول بین الاقوامی جانچ کو ایک نئے دور میں لے جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اب جانچ ایجنسیاں مطلوبہ معلومات حاصل کرنے کے لیے انٹرپول کے رابطے میں رہیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ منشیات کی اسمگلنگ، اسلحہ کی اسمگلنگ، دہشت گردی سے متعلق جرائم اور لوگوں کو غیرقانونی طریقے سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا جیسے معاملات کو حل کرنے میں یہ پورٹل مدد کرے گا۔

اِس موقع پر جناب امت شاہ نے سی بی آئی کے اُن 35 افسران اور حکام کو پولیس میڈلز عطا کیے جن کے ناموں کا صدر جمہوریہ کے پولیس میڈلز اور بہترین جانچ کے لیے وزیر داخلہ کے میڈلز کا اعلان کیا گیا تھا۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بھارت پول پورٹل قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کی حقیقی طور پر اطلاعات حاصل کرنے میں مدد کرے گا۔ یہ پورٹل سبھی شراکت داروں کو ایک پلیٹ فارم پر لے کر آئے گا۔

وزیر داخلہ نے کہا کہ موڈرن سسٹمز کا استعمال کرکے ایسے مجرموں کو واپس لانا آسان ہوجائے گا جو بھارت میں جرم کرکے ملک سے باہر بھاگ جاتے ہیں۔ جناب شاہ نے کہا کہ بھارت پول پورٹل 195 ملکوں کے انٹرپول نیٹ ورک کے ساتھ تحقیقاتی ایجنسی اور پولیس کے درمیان تال میل پیدا کرکے جرائم کو قابو کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

## Nepal Tibet Earthquake

آج صبح نیپال - تبت کے سرحدی خطے میں آئے سات اعشاریہ ایک شدت کے زلزلے کی وجہ سے کم سے کم 53 افراد ہلاک اور 62 زخمی ہوگئے۔ اس زلزلے کا مرکز نیپال سرحد کے نزدیک تبت کے Xizang علاقے میں واقع تھا۔ اس زلزلے کے جھٹکے بہار ، مغربی بنگال اور سکم سمیت شمالی بھارت کے مختلف حصوں میں بھی محسوس کئے گئے ہیں۔ یہ جھٹکے بہار میں سب سے زیادہ محسوس کئے گئے ، جس کی وجہ سے لوگ خوفزدہ ہوکر اپنے گھروں سے باہر نکال آئے۔

**HMPV Case**

ہیومن میٹانیومو وائرس، HMPV کا پوزیٹو معاملہ گجرات میں درج کیا گیا ہے۔ علاج کیلئے راجستھان سے احمدآباد لائے گئے دو مہینے کے بچے کا HMPV نمونہ پوزیٹو پایا گیا۔ بچہ فی الحال زیر علاج ہے اور اس کی حالت مستحکم ہے۔ ریاستی وزیر صحت رشی کیش پٹیل نے واضح کیا کہ HMPV کوئی نیا وائرس نہیں ہے اور عوام اس سے نہ گھبرائیں۔ تاہم انہوں نے HMPV کی علامات کی اہمیت کو سمجھنے اور احتیاطی اقدامات اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ بیرون ملک سفر کرنے والوں کیلئے رہنما خطوط تیار کرنے کا کام جاری ہے۔ اس کے علاوہ ریاستی حکومت کے اسپتالوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ وائرس کی جانچ کیلئے RT-PCR کِٹس کی خریداری کریں۔

ادھر مہاراشٹر کے ناگپور میں ہیومن میٹانیومو وائرس، HMPV کے دو نئے معاملوں کی شناخت ہوئی ہے۔ اِن میں ایک ساتسالہ اور ایک 13 سالہ بچہ شامل ہے۔صحت کے مرکزی سکریٹری نے ملک میں نظام تنفس کی بیماریوں کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور ان کے انتظام سے متعلق عوامی نظام صحت کی صورت حال پر غور کیا۔ ریاستوں کو حفاظتی اقدامات سے متعلق عوام میں بیداری پھیلانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

**Health Sec HMPV**

مرکزی صحت سکریٹری Punya Salila سریواستو نے زور دے کر کہا ہے کہ عوام کو Human Metapneumovirus، ایچ ایم پی وی سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ساتھ ایک ورچوئل میٹنگ کے دوران صحت سکریٹری نے HMPV سے متعلق حالات اور بھارت میں سانس کی بیماریوں کے تازہ حالات اور اُن کے انتظام کے لیے طبی اقدامات کا جائزہ لیا۔سکریٹری نے انفلوائنزا جیسی بیماری (ILI) اور شدید تنفّسی انفیکشن (SARI) کی جانچ کو مستحکم کرنے کے لیے ریاستوں کو مشورہ دیا۔

انہوں نے اس بات کو دوہرایا کہ سردی کے موسم میں عام طور پر سانس کی بیماریوں میں اضافہ ہوجاتا ہے اور انہوں نے یقین دلایا کہ سانس کی بیماریوں میں غیرمعمولی اضافے سے نمٹنے کے لیے ملک پوری طرح تیار ہے۔

انہوں نے ریاستوں کو اس بات کا بھی مشورہ دیا کہ وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے عوام کے درمیان بیداری اور اطلاعات، تعلیم اور جانکاری کو بڑھاوا دیا جانا چاہیۓ۔

**Rev- Assam Coal Mining Accident**

آسام حکومت نے میگھالیہ سرحد کے قریب دیماہَساؤ ضلع کے اُمرانگ سو میں کوئلے کی کان میں پھنسے مزدوروں کو بچانے کیلئے بحریہ کے غوطہ خوروں سے دوبارہ مدد مانگی ہے۔ یہ کانکن Rat-Hole کوئلہ کان میں اُس وقت پھنس گئے تھے، جب پانی اُن کی 300 فٹ گہری کان میں گھس گیا تھا۔ فوج نے پہلے ہی قدرتی آفات سے نمٹنے کی ریاستی فورس، SDRF اور قومی فورس، NDRF کے ساتھ مل کر مشترکہ آپریشن شروع کررکھا ہے۔ فوج کی خصوصی ٹاسک فورس میں غوطہ خور، انجینئر اور دیگر تربیت

یافتہ اہلکار شامل ہیں، جو بچاؤ آپریشن کو انجام دینے کیلئے ضروری آلات سے لیس ہیں۔
آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسواسرما نے سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ وشاکھاپٹنم سے جلد ہی بحریہ کے غوطہ خوروں کے پہنچنے کی امید ہے۔ جناب سرما کے مطابق کان میں پانی کی سطح قریب 100 فٹ پہنچ گئی ہے۔

**AIR Chief Seminar**

ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے مینوفیکچرنگ صلاحیتیں پیدا کرنے اور نئی گھریلو ٹکنالوجیاں تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وِکست بھارت 2047 کا ہدف حاصل کرنے میں دفاع اور خلا کا شعبہ ایک اہم کردار ادا کرے گا۔ وہ آج نئی دلی میں ''خلائی شعبے میں آتم نربھرتا: مستقبل کا راستہ'' کے موضوع پر 21 ویں سبرتو مکھرجی سیمینار کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ نئی ٹکنالوجیوں کی تحقیق اور ترقی پر توجہ دی جانی چاہئے۔

**TN - CM - NET Exam Appear**

تمل ناڈو کے وزیرِ اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے ایک بار پھر مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان سے UGC - NET کے امتحان کی تاریخ میں تبدیلی کرنے کی اپیل کی ہے۔ ایک خط میں وزیر اعلیٰ نے یہ واضح کیا ہے کہ ریاستی حکومت نے ریاست کے عوام کی ثقافتی اہمیت کے پیش نظر Pongal Season کے دوران چھٹیوں کا اعلان کردیا ہے۔ Pongal کا تہوار 13 سے 16 جنوری کے دوران منایا جائے گا۔

**Gadkari Meeting Road Transport**

سڑک اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ٹرانسپورٹ وزراء کی ایک میٹنگ کی قیادت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گڈکری نے بتایا کہ یہ سالانہ میٹنگ مرکز اور ریاستی حکومتوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے اور ملک کی ترقی سے متعلق اہم پالیسی معاملات کے لیے یہ ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ علاقائی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے یہ ایک ضروری میٹنگ ہے۔

**Rajnath Maldives**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کل نئی دلی میں مالدیپ کے اپنے ہم منصب محمد Ghassan Maumoon کے ساتھ ایک باہمی میٹنگ کریں گے۔ میٹنگ کے دوران دونوں لیڈر تربیت، فوجی مشقیں اور دفاعی پروجیکٹوں سمیت باہمی دفاعی تعاون کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیں گے۔ مالدیپ کے وزیر دفاع کل سے بھارت کا اپنا تین دن کا دورہ شروع کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وہ گووا اور ممبئی بھی جائیں گے۔ بھارت اور مالدیپ کے درمیان تاریخی، لسانی اور اخلاقی روابط ہیں۔ مالدیپ' بھارت کی پڑوسی مقدم پالیسی میں ایک خاص جگہ رکھتا ہے جس کا مقصد بحرہند خطے میں استحکام اور خوشحالی کو فروغ دینا ہے۔

دونوں ملک بحرہند خطے میں سلامتی قائم رکھنے میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں اور خطے میں سبھی کے لیے سلامتی اور ترقی (SAGAR) کے بھارت کے ویژن میں تعاون دیتے ہیں۔

**Malaysia Womens Doubles**

بیڈمنٹن میں، ٹریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی بھارتی خواتین کی ڈبلز کی جوڑی کوالالمپور میں ملیشیا سُپر وَن تھاوَزینڈ کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اس جوڑی نے تھائی لینڈ کی **Ornnicha Jong,satha,pornparn** اور **Sukitta Suwachai** کو سیدھے سیٹوں میں شکست دی۔ چھٹے سیڈ کی بھارتی جوڑی نے محض آدھے گھنٹے میں ہی جیت حاصل کرلی۔

مردوں کے سنگلز مقابلے میں لکشیہ سین، پریانشو رجاوت اور ایچ ایس پرونائے **32** کے راؤنڈ میں کھیلیں گے جبکہ مالویکا بنسوڑ، آکارشی کشیپ اور انوپما اپادھیائے خواتین کے سنگلز مقابلے میں کھیلیں گی۔

☆☆☆